# نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

**Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com**
**www.facebook.com/AgriDepartment**


## پریس ریلیز

### وزیرزراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیرصدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد

### اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری برائے زراعت اُسامہ خان لغاری اورسیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی شرکت

### اجلاس میں وزیراعلی پنجاب کے "ٹرانسفارمنگ پنجاب ایگریکلچر" پروگرام کے تحت زرعی شعبے کی ترقی کیلئے جاری اور نئے منصوبہ جات بارے جائزہ لیا گیا

لاہور**09** جولائی**2025**: صوبائی وزیرزراعت و لائیوسٹاک سید عاشق حسین کرمانی کی زیرصدارت آج ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں وزیراعلی کے زرعی شعبہ کی ترقی کیلئے جاری اور نئے منصوبہ جات بارے جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر پارلیمانی سیکرٹری برائے زراعت اُسامہ خان لغاری اورسیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو بھی موجود تھے۔

اجلاس سے خطاب کرتے ہوئےصوبائی وزیرزراعت و لائیوسٹاک سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف کے زرعی شعبہ کے لئے اقدامات باعث کاشتکاروں کے معاشی حالات میں بہتری آئی ہے اور وہ خود کفیل ہوئے ہیں۔نیا مالی سال کاشت کاروں کیلئے 2025-26 ترقی اور خوشحالی کا ضامن بنے گا۔انھوں نے کہا کہ کسان کارڈ کے پہلے مرحلہ کے لیے 5 لاکھ کارڈز جاری کئے گئے تھےاوراب تک 98 فیصد ریکوری مکمل ہوگئی ہے۔کسان کارڈ کے پہلے مرحلے کے دوران بلاسود زرعی قرضہ جات کے لیے 55ارب روپے کی رقم مختص کی گئی جس میں سے 85 فیصد رقم کھادوں کی خرید پر استعمال ہوئی۔صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ کسان کارڈ حکومت پنجاب کا ایک فلیگ شپ پروگرام ہےاورضرورت اس امر کی ہے کہ کسان کارڈ ہولڈرز کی تعداد میں مزید اضافہ کیا جائے تا کہ کاشتکار بروقت زرعی مداخل کی خرید کرسکیں۔کسان کارڈ کے دوسرے مرحلے کے دوران مجموعی رقم 100ارب روپے مختص کئے گئےجس میں سے 84ارب روپے کی رقم کسانوں کو جاری ہو گئی ہے۔کسانوں نے اب تک 35ارب روپے کی رقم استعمال کر لی ہے۔کسان کارڈ کے دوسرے مرحلہ کے دوران کاشتکارڈیزل،کھاد، بیج اورپیسٹی سائیڈز بغیر پروسسنگ چارجز خرید سکیں گے

اس موقع پر وزیرزراعت پنجاب نے مزید کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب ویٹ سپورٹ پروگرام کے تحت 12ارب روپے کی رقم کسانوں میں تقسیم کی جا چکی ہے۔صوبائی وزیرزراعت پنجاب نے مزید کہا کہ وزیراعلی پنجاب گرین ٹریکٹر پروگرام کے تحت

دوسرے مرحلہ کے لیے درخواستیں ماہ اگست میں لی جائیں گی۔ 50ہارس پاور سے 65 ہارس پاور کے مقامی طور پر تیار کردہ 10 ہزار ٹریکٹرز کاشتکاروں کو 5 لاکھ سبسڈی جبکہ 75ہارس پاور اوراس اوپر ہارس پاور کے 10 ہزار لوکل و درآمد کیے گئے ٹریکٹرز 10 لاکھ سبسڈی پر فراہم کئے جائیں گے۔

صوبائی وزیر زراعت نے مزید کہا کہ ماڈل ایگریکلچر مالز کے قیام کے سلسلے ساہیوال، ملتان، بہاولپور اور سرگودھا میں سے ملتان اور ساہیوال کا 98 فیصد تعمیراتی کام مکمل ہو چکا ہے۔انھوں نے کہا کہ دوسرے مرحلہ کے دوران پنجاب میں 10 مزید ماڈل ایگری مالز بنائے جائیں گے۔زرعی گریجویٹس انٹرن شپ پروگرام کے دوسرے مرحلہ کے دوران 2 ہزار مزید زرعی گریجویٹس بھرتی کئے جائیں گے۔سولرآئیزیشن آف ایگری ٹیوب ویلز کی زرعی فارموں پر تنصیب کے پروگرام کے تحت 7988 منتخب کسانوں کو نظر ثانی شدہ لیٹرز جاری کیے جا چکے ہیں۔7670 سائیٹس کی انسپکشن مکمل ہوگئی ہے جبکہ 652 ٹیوب ویلز اب تک لگا چکے ہیں۔ستمبر 2025 تک یہ عمل مکمل ہو جائے گا۔وزیر اعلیٰ پنجاب سموگ کنٹرول پروگرام کے تحت سپر سیڈرز کی فراہمی کا پہلا اور دوسرا مرحلہ مکمل ہوگیا ہے۔رواں سال ماہ ستمبر میں دھان کی کٹائی سے قبل مجموعی طور پر 5 ہزار سپر سیڈرز کاشتکاروں کو فراہم کر دیئے جائیں گے۔باقی 2 ہزار سپر سیڈرز کی فراہمی کے لیے ترجیح موٹروے کے قریب دیہی علاقوں کو دی جائے گی۔وزیراعلی پنجاب ویٹ انسینٹیو سپورٹ پروگرام کے تحت تمام 1000 ٹریکٹرز تیار ہو گئے ہیں اور 700 ٹریکٹرز اب تک کسانوں کو ڈلیور ہو گئے ہیں۔باقی 300 ٹریکٹرز اگلے دو ہفتوں میں کسانوں کو ڈلیور کر دیے جائیں گے۔عاشق حسین کرمانی نے مزید کہا کہ ویٹ سپورٹ پروگرام کے لیے 5 ہزار فی ایکڑ کے حساب سے چھوٹے کاشتکاروں کو رقم دی جا رہی ہے۔ نئے مالی سال 2025۔26 میں ہائی ٹیک فنانسنگ پروگرام کے تحت اگلے مالی سال میں 11 قسم کی جدید نئی مشینری و آلات کاشت کاروں کو سبسڈی پر فراہم کئے جائیں گے۔اس پروگرام کے تحت ایک ہزار مشینری و آلات کاشت کاروں کو فراہم کئے جائیں گے۔اس پروگرام کے لیے 30ارب روپے کی خطیر رقم مختص کی جائے گی جس کے تحت سروس پروائیڈرز/کاشت کاروں کو زرعی مشینری کی خرید کیلئے 5 کروڑ روپے تک بلا سود قرضہ جات فراہم کئے جائیں گے۔یہ قرض سروس پروائیڈرز/کاشت کار 5 سال کی مدت میں واپس کریں گے۔اگلے سال 26-2025 میں وزیر اعلی انشیٹیوز/منصوبوں میں پروگرام فور واٹر ایفشنٹ ایگریکلچر، ٹرانسفارمیشن آف ایگریکلچر ان پوٹھوہار اور سٹرس بحالی ٹاسک فورس شامل ہیں۔

اجلاس میں سپیشل سیکرٹری زراعت آغا نبیل اختر، ڈائریکٹر جنرلز زراعت چوہدری عبدالحمید، نوید عصمت کاہلوں، انجینیئر ساجد حسن، رانا تجمل سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔

☆☆☆☆